ماڈیول ۱۲

حدیث نمبر 19

قدر پر ایمان

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے انہیں سواری پر اپنے پیچھے بٹھا کر فرمایا: "اے لڑکے، اللہ کے دین کی حفاظت کرو، اللہ تمہاری حفاظت کرے گا۔ جب تم کچھ مانگنا چاہو تو اللہ سے مانگو، اور جب مدد چاہیے ہو تو اللہ سے مدد طلب کرو۔ اگر ساری امت تمہیں فائدہ یا نقصان پہنچانے کے لیے اکٹھی ہو، تو وہ کچھ نہیں کر سکتی، سوائے جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے۔"

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے چچا کے بیٹے اور آپ ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں۔ ان کے والد کا نام عباس تھا اور ان کی کنیت ابو عباس تھی، جو ان کے سب سے بڑے بیٹے کے نام پر رکھی گئی۔ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ مکہ میں پیدا ہوئے۔ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بہت ذہانت رکھتے تھے اور نبی ﷺ نے ان کے لیے بہت سی دعائیں کیں۔

نبی ﷺ نے اس حدیث کے ذریعے قدر پر ایمان کے عقیدے کو سمجھایا۔ ہمیں ہر وقت اللہ پر بھروسا رکھنا چاہیے کیونکہ فائدہ اور نقصان صرف اسی کے حکم سے ہوتا ہے۔ ہر چیز اللہ کے علم اور مشیت میں ہے، اور جو اللہ نے لکھ دیا ہے وہ ہر صورت میں ہو کر رہے گا۔ انسان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی زندگی کے ہر معاملے میں اللہ سے رہنمائی اور مدد طلب کرے۔ ہر چیز اللہ سے طلب کرو، کسی اور سے نہیں مانگو۔

حدیث نمبر20

حیا ایمان کا حصہ ہے

ابو مسعود عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "جو بات لوگوں نے پچھلے نبیوں سے سمجھی ہے، وہ یہ ہے کہ اگر تمہیں شرم اور حیا نہ ہو، تو جو چاہو کر لو۔"

اس حدیث میں حیا کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔ حیا انسانی اخلاق کی ایک اہم صفت ہے جو انسان کو برائی اور گناہوں سے روکتی ہے۔ اگر کسی انسان میں حیا نہ ہو، تو وہ اپنی مرضی سے جو چاہے کرے گا اور کسی بھی گناہ سے نہیں رکے گا۔ حیا صرف ایک انسانی زیور نہیں بلکہ اسلام کا ایک بنیادی حصہ ہے جو ایک مسلمان کو اعلیٰ شناخت دیتا ہے۔

اس حدیث کے ذریعے سمجھایا گیا ہے کہ اگر انسان حیا اور شرم کو اپنائے، تو معاشرے میں برائیاں اور بے حیائی ختم ہو سکتی ہیں۔ نبی ﷺ نے حیا کو ایمان کا حصہ قرار دیا ہے، اور قرآن میں بھی حیا اور شرم کو فرض کرنے کا حکم دیا گیا ہے، جیسے کہ مرد اور عورت دونوں اپنی نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم۔

Hadith Number 19

Qadr Par Iman

Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne unhein sawari par apne peeche bitha kar farmaya: “Aey larke, Allah ke deen ki hifazat karo, Allah tumhari hifazat karega. Jab tum kuch maangna chaho to Allah se maango, aur jab madad chahiye ho to Allah se madad talab karo Agar sari umat tumhein faida ya nuksaan pohanchane ke liye ikatthi ho, to woh kuch nahi kar sakti, siwaye jo Allah ne tumhare liye likh diya hai.”

Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہ ka Mukhtasir Taaruf

Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہ Nabi ﷺ ke chacha ke beta aur aap ﷺ ke chacha zaat bhai hain۔ Unka walid ka naam Abbas tha aur unki kuniyat Abu Abbas thi, jo unke sabse bade bete ke naam par rakhi gayi۔ Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہ Makkah mein paida hue Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہ bohot zahanat rakhte the aur Nabi ﷺ ne unke liye bohot si duaen ki.

Nabi ﷺ ne is hadith ke zariye Qadr par imaan ka aqeede ko samjhaya. Humein har waqt Allah par bharosa rakhna chahiye, kyunke faida aur nuksaan sirf usi ke hukm se hota hai. Har cheez Allah ki ilm aur mashiyat mein hai, aur jo Allah ne likh diya hai woh har surat mein hoke rahega. Insan ke liye zaroori hai ke woh apni zindagi ke har maamle mein Allah se rehnumai aur madad talabo.Har cheez Allah se talab karo, kisi aur nahi mango.

Hadith Number 20

Haya Iman Ka Hissa Hai

Abu Mas’ood Uqba bin Aamir رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya: ““Jo baat logon ne pichle nabiyon se samjha hai, wo yeh hai ke agar tumhein sharm aur haya na ho, to jo chaaho kar lo.”

Is hadith mein haya ki ahmiyat ko bayan kiya gaya hai. Haya insani akhlaaq ki ek ahem sifat hai jo insaan ko burai aur gunaahon se rokti hai. Agar kisi insaan mein haya na ho, to woh apni marzi se jo chahay karega aur kisi bhi gunah se nahin rukega. Haya sirf ek insani zewar nahi, balke Islam ka ek bunyadi hissa hai jo ek musalman ko unchi shanakht deta hai.

Is hadith ke zariye samjhaaya gaya hai ke agar insaan haya aur sharam ko apnaye, to maashray mein buraiyan aur be-hayai khatam ho sakti hain. Nabi ﷺ ne haya ko iman ka hissa qarar diya hai, aur Quran mein bhi haya aur sharm ko farz karne ka hukum diya gaya hai, jaise ke mard aur aurat dono apni nigahien neeche rakhne ka hukum.